کتاب نما

ادارہ

قرآنیات پر نئی کتابیں

- الرای الصحیح فی من ھو الذبیح (عربی)

تصنیف: الامام المعلم عبدالحمید الفراہی

ناشر: دائرہ حمیدیہ، مدرسۃ الاصلاح (سرائے میر، اعظم گڑھ)

سنِ اشاعت: ۱۹۹۴ء، صفحات: ۱۲۰، قیمت: ۶۵ روپے

حضرت اسماعیل علیہ السلام کی قربانی کو قرآن مجید نے ذبح عظیم سے تعبیر کیا ہے۔ یہ ایک غیر معمولی واقعہ ہے جس کی تاریخ اسلام میں بڑی اہمیت ہے۔ یہود نے توریت میں تحریف کر کے اس عظیم تاریخی واقعہ پر پردہ ڈالنے اور یہ ثابت کرنے کی ہر ممکن کوشش کی ہے کہ ذبیح دراصل حضرت اسحاق علیہ السلام تھے۔ مولانا فراہی نے اس تحریف کی بھرپور نقاب کشائی کی ہے اور اس خیال کی مدلل تردید کی ہے۔ سب سے پہلے انھوں نے اس واقعہ کی حقیقت اور تاریخ اسلام میں اس کی اہمیت کو واضح کیا ہے اور اس راز سے پردہ اٹھایا ہے کہ یہود کو اس تحریف کی ضرورت کیوں پیش آئی۔ پھر ۲۶ محکم دلائل سے اس تاریخی تحریف کی اصلاح کی ہے اور حقیقت واقعہ کو اس طرح الم نشرح کر دیا ہے کہ شک و شبہ کی کوئی گنجائش باقی نہ رہے۔ اس سلسلہ میں اہم بات یہ ہے کہ مولانا نے اپنے موقف کے حق میں جو دلائل پیش کئے ہیں ان میں سے نصف قرآن مجید سے اور نصف خود اسی تورات سے فراہم کئے ہیں جسے یہود اپنے طور پر بدل چکے تھے اور اصل واقعہ کی

طرف رہنمائی کرنے والے تمام نشانات کو مٹا ڈالا تھا۔ ان میں سے بیشتر دلائل ایسے ہیں جن سے اس سے پہلے استدلال نہیں کیا گیا۔ اس طرح ابو الانبیا، حضرت ابراہیم علیہ السلام کی شخصیت اور تاریخ انبیا میں ان کا اور ان کی اولاد کے مقام کی حقیقی صورت آئینہ ہو گئی ہے۔

اس کتاب کا پہلا ایڈیشن بہت پہلے شائع ہوا تھا۔ عرصہ سے یہ کتاب نایاب تھی۔ دائرہ حمیدیہ نے اسے بالکل نئی شکل میں دوبارہ شائع کیا ہے۔ جدید ایڈیشن میں حوالہ جات کی نشاندہی کے ساتھ ڈاکٹر محمد اجمل اصلاحی کے قلم سے کتاب کا جامع تعارف بھی ہے۔

حقیقت رجم کتاب وسنّت کی روشنی میں

تصنیف: محمد عنایت اللہ اسد سبحانی

ناشر: ادارہ احیائے دین، بلریا گنج، اعظم گڑھ

طبع اول (بدون تاریخ) صفحات: ۳۰۰، قیمت ۲۵ روپے

اسلامی شریعت میں حد زنا کیا ہے اور کیا اس سلسلہ میں شادی شدہ اور غیر شادی شدہ مرتکبین زنا کی سزاؤں میں فرق ہے اور اگر فرق ہے تو کیا؟ یہ مسئلہ بڑے اختلاف آرا کا موضوع رہا ہے۔ عام طور پر یہ خیال کیا جاتا ہے کہ شریعت میں حد زنا غیر شادی شدہ کے لئے سو کوڑے اور شادی شدہ کے لئے رجم ہے۔ مصنف کو اس خیال سے اتفاق نہیں ہے۔ ان کی تحقیقات کا خلاصہ یہ ہے کہ اسلام میں شادی شدہ اور غیر شادی شدہ زانیوں کی سزا میں کوئی فرق نہیں رکھا گیا ہے اور دونوں ہی حالتوں میں حد زنا سو کوڑے ہیں نہ کہ رجم۔ البتہ اگر کوئی شخص عادی مجرم بن جائے اور اس کی اصلاح کی امید باقی نہ رہے تو اس کے اوپر حد رجم نافذ کی جائے گی۔

کتاب نو فصلوں پر مشتمل ہے۔ ابتدائی چار فصلوں میں مصنف نے قرآن، واقعات زنا، اقوال و آثار اور روایات کی روشنی میں حد زنا پر تفصیل سے بحث کی ہے۔ پانچویں فصل میں واقعات رجم کا تجزیہ کیا گیا ہے۔ چھٹی فصل رجم کے مفہوم و ماخذ سے بحث